NYC Public Schools | Office of Student Enrollment

اسکول میں اندراج کروانے کی ضرورت ہے؟

ہمارے پاس آپ کے لیے ایک نشست دستیاب ہے۔

ابتدائی طفلی پروگرامز

3K اور پری کنڈرگارٹن

اہلیت	اندراج کس طرح کروایا جائے
طلباء اس کیلینڈر سال میں 3K میں اندراج کروا سکتے ہیں جس میں وہ تین (3) سال کے ہو جائیں۔ طلباء اس کیلینڈر سال میں پری کنڈرگارٹن میں اندراج کروا سکتے ہیں جس میں وہ چار (4) سال کے ہو جائیں۔ کچھ 3K اور پری کنڈرگارٹن پروگرام سارا سال 10 گھنٹے فی دن تک کے لیے ان بچوں کو دیکھ بھال اور تعلیم فراہم کرتے ہیں جو خاندان کی آمدنی اور ضروریات کی بنیاد پر اہل ہوتے ہیں۔	• اہل خانہ 3K اور پری کنڈر گارٹن ڈائریکٹریز تک رسائی حاصل کرنے کے لیے آن لائن **MySchools.nyc** پر جاکر انتخابات تلاش کر سکتے ہیں۔ • ہر ایک ڈائریکٹری میں، فلٹر استعمال کریں جس کا عنوان ہے "کیا اس تعلیمی سال کے لیے ایک نشست درکار ہے؟" تاکہ دیکھ سکیں کہ کن اسکولوں میں نشستیں دستیاب ہو سکتی ہیں۔ • گھر سے قریب اسکول ڈھونڈنے کے لیے اپنا پتہ درج کرنا یقینی بنائیں۔ • دستیابی کی تصدیق کرنے اور اندراج کروانے کے لیے آپ اسکولوں سے براہِ راست رابطہ کرسکتے ہیں۔ • مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/3K** یا **schools.nyc.gov/PreK** پر جائیں۔

ایلیمینٹری اسکول سے لے کر مڈل اسکول تک

گریڈ کنڈرگارٹن تا 8

اہلیت	اندراج کس طرح کروایا جائے
طلباء اس کیلینڈر سال میں کنڈرگارٹن میں اندراج کروا سکتے ہیں جس میں وہ پانچ (5) سال کے ہو جائیں۔ طلباء اس کیلینڈر سال میں پہلے گریڈ میں اندراج کروا سکتے ہیں جس میں وہ چھ (6) سال کے ہو جائیں۔ وہ طلباء جنہیں گریڈ 2 سے لے کر گریڈ 8 تک اندراج کروانے کی ضرورت ہے۔	• **یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ کا کوئی زون اسکول ہے** **schoolsearch.schools.nyc** پر جاکر اپنا پتہ درج کریں یا **311** کو کال کریں۔ • آپ کا زون شدہ اسکول ہے؟ اس اسکول میں براہ راست اندراج کروائیں؛ ان سے رابطہ کرکے یا وہاں جاکر معلوم کریں کہ کس طرح اور کب کرنا ہے۔ • کوئی زون اسکول نہیں ہے؟ اسکول سے براہِ راست رابطہ کریں یا ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جائیں۔ مزید جاننے کے لیے، **schools.nyc.gov/FWC** پر جائیں۔

▶ مزید معلومات صفحے کی پُشت پر ملاحظہ کریں۔

ہائی اسکول

گریڈز 9-12

اہلیت	اندراج کس طرح کروایا جائے
☐ وہ طلباء جنہیں گریڈ 9 سے لے کر گریڈ 12 میں اندراج کروانے کی ضرورت ہے۔	• اندراج کروانے کے لیے کسی خاندانی استقبالیہ مرکز سے رابطہ کریں۔ مزید جاننے کے لیے، **schools.nyc.gov/FWC** پر جائیں۔ • ذیل دستاویزات تیار کریں: ◦ آپ کے بچے کی عمر کی تصدیق کے لیے (پیدائش کا سرٹیفکیٹ، پاسپورٹ، یا بپتسمہ کا ریکارڈ) ◦ آپکے بچے کا مدافعتی ٹیکوں کے ریکارڈز (اگر دستیاب ہو) ◦ آپکے بچے کا جدید ترین رپورٹ کارڈ / ٹرانسکرپٹ (اگر دستیاب ہو) ◦ پتے کی تصدیق کرنے کے لیے دو (2) دستاویزات — قابلِ قبول دستاویزات کی مثالیں **on.nyc.gov/RegistrationChecklist** پر ملاحظہ کریں۔ عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے خاندانوں کو اندراج کروانے کے لیے دستاویزات فراہم کرنے کی ضروری نہیں ہے۔ یہ جاننے کے لیے کہ آیا اسکا اطلاق آپ پر ہوتا ہے **schools.nyc.gov/STH پر جائیں۔**
☐ وہ طلباء جو کم از کم 15 سال کے ہیں اور جن کے پاس کوئی حالیہ تعلیمی ریکارڈ نہیں ہے ہائی اسکول میں اندراج کروا سکتے ہیں۔	

6 ہفتوں سے لے کر 2 سال کی عمر کے بچوں کے لیے انتخابات ڈھونڈ رہے ہیں؟

6 ہفتوں تا 2 سال کی عمر تک کے بچوں کے لیے سارا سال دن میں 10 گھنٹوں تک کے لیے دیکھ بھال کے پروگرام دستیاب ہیں۔ اہلیت خاندان کی آمدنی اور ضروریات کی بنیاد پر ہے۔ مزید جاننے کے لیے ذیل پر جائیں: **.on.nyc.gov/BrightStarts**

اگلے تعلیمی سال کے لیے درخواست دے رہے ہیں؟

اگر آپ اگلے تعلیمی سال کے لیے کسی اسکول کی تلاش میں ہیں، آپ ذیلی گریڈ سطح کے لیے درخواست پیریئڈ کے دوران ایک درخواست جمع کروا سکتے ہیں: 3K، پری کنڈرگارٹن، کنڈرگارٹن، چھٹا (6) اور نواں (9) گریڈ۔ اُس وقت آپ آن لائن ڈائریکٹری اور درخواست پورٹل تک رسائی کے لیے **MySchools.nyc** پر جا سکتے ہیں۔

حتمی تاریخوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات اور درخواست کس طرح دی جائے یہ جاننےکے لیے **schools.nyc.gov/High** پر جائیں۔